نوٹس
ایک الیکٹر کے طور پر رجسٹر ہوں

آپ الیکٹر کے طور پر رجسٹر ہونے کے اہل ہیں اگر آپ:

- 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں؛
- ہانگ کانگ کے مستقل رہائشی ہیں؛ اور
- عام طور پر ہانگ کانگ میں رہتے ہیں۔

درخواست کی آخری تاریخ

نئی رجسٹریشن: 2 جون 2023

تفصیلات کی تبدیلی کی رپورٹ: 2 جون 2023

(رہائش کے ثبوت کی ضرورت اس وقت ہوتی ہے جب افراد نئی رجسٹریشن کے لیے اپنی درخواستیں جمع کراتے ہیں یا رجسٹرڈ ایڈریس میں تبدیلی کے لیے درخواستیں جمع کراتے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت پبلک رینٹل ہاؤسنگ کے مجاز رہائشی ہیں یا ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی کے تحت سبسڈی والے ہاؤسنگ کی کرایہ داری میں رجسٹرڈ رہائشی ہیں۔)

ایڈریس پروف کی ضرورت دیکھیں: https://www.reo.gov.hk/en/voter/ap.htm

درخواست فارم دستیاب ہیں:

<u>نسلی اقلیتوں کے لیے امدادی خدمات کے مراکز</u>

- ہوپ سینٹر (وان چائی)
- چیئر سینٹر (کون تھونگ)
- ہوم سینٹر (یاؤ چم مونگ)
- ہوم سب سینٹر (شم شوئی پو)
- لنک سینٹر (کوائی چِھنگ)
- ون سینٹر (تھن من)
- YLTH سینٹر (یون لانگ)
- ٹچ سب سینٹر (تھنگ چھُنگ)

<u>حکومتی اور دیگر دفاتر</u>

- رجسٹریشن اور انتخابی دفتر (REO)
- پبلک ہاؤسنگ اسٹیٹس کے ضلعی دفاتر اور انتظامی دفاتر
- درخواست فارم ووٹر رجسٹریشن کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ (www.voterregistration.gov.hk)

فارم جمع کروانا

مکمل اور دستخط شدہ درخواست فارم REO کو بھیجا جا سکتا ہے:

(1) بذریعہ ڈاک (پتہ:

13/F, Kowloonbay International Trade & Exhibition Centre, 1 Trademart Drive, Kowloon Bay, Kowloon) ;

(2) بذریعہ فیکس (فیکس نمبر: 1180 2891)؛

(3) بذریعہ ای میل (ای میل پتہ: form@reo.gov.hk)؛ یا

(4) رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس کے آن لائن اپ لوڈ پلیٹ فارم (www.reo-form.gov.hk) پر اسکین شدہ کاپی اور ایڈریس پروف اپ لوڈ کر کے

الیکٹرز کو صحیح اور درست معلومات فراہم کرنی چاہئیں۔ انتخابی امور کمیشن کے ضوابط کے تحت کسی شخص کے لیے ووٹر کے اندراج کے لیے جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے غلط یا گمراہ کن معلومات (مثلاً غلط رہائشی پتہ) رجسٹریشن و انتخابی دفتر کو دینا جرم ہے، اور اگر وہ شخص بعد ازاں انتخابات میں ووٹ دیتا/دیتی ہے، تو وہ الیکشنز (کرپٹ اور غیر قانونی طرز عمل) آرڈیننس (Cap. 554) کی بھی خلاف ورزی کرے گا/ گی۔

پوچھ گچھ

اگر آپ چائینیز اور انگریزی دونوں نہیں بولتے اور ووٹر رجسٹریشن سے متعلق معاملات پر REO سے پوچھ گچھ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ CHEER سے مدد حاصل کر سکتے ہیں جو فون پر مفت ترجمانی کی خدمت فراہم کرتا ہے۔ آپ REO کے دفتری اوقات میں پیر سے جمعہ تک (سوائے عام تعطیلات کے) صبح 8:45 سے شام 6 بجے تک REO کی انکوائری ہاٹ لائن (2891 1001) کو ڈائل کرکے CHEER کےترجمان کو REO کے افسر کے ساتھ کانفرنس کال کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کانفرنس کال ہونے کے بعد، آپ CHEER کے ترجمان کے ذریعے REO کے افسر سے براہ راست بات کر سکتے ہیں۔

CHEER کے ہاٹ لائن نمبر درج ذیل ہیں:

زبان	ہاٹ لائن نمبر
بھاسا انڈونیشیا	3755 6811
نیپالی	3755 6822
اردو	3755 6833
پنجابی	3755 6844
تگالگ	3755 6855
تھائی	3755 6866
ہندی	3755 6877
ویتنامی	3755 6888